Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 16 | منگل، 26 اگست 2025ء، یکم ربیع الاول 1447ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 149

وزیراعلیٰ مریم نواز کے اعزاز میں تھائی لینڈ میں عشائیہ

وزیراعلیٰ کا پرتپاک خیرمقدم، تھائی لینڈ کی کم عمر ترین پہلی خاتون سابق وزیراعظم پائیتونگترن شیناوترا کی سابق وزیراعظم محمد نواز شریف کیلئے نیک تمناؤں اور خیر سگالی کا پیغام

پرتھکسان شیناوترا اور ان کی صاحبزادی سے اظہار تشکر، پنجاب کے دورے کی دعوت بھی دی، ٹیکسٹائل، زراعت، سیاحت اور ٹیکنالوجی میں تجارت و سرمایہ کاری بڑھانا چاہتے ہیں، مریم نواز شریف

وزیراعظم شہباز شریف قومی صنعتی پالیسی سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے اعزاز کے ساتھ وزیراعظم اور ٹیلی کمیونیکیشن کے شعبے میں ممتاز کاروباری شخصیت تھکسان شیناوترا نے تقریب کا انعقاد کیا۔ تھائی لینڈ کی کم عمر ترین پہلی خاتون سابق وزیراعظم پائیتونگترن شیناوترا نے بھی شرکت کی۔ تھائی لینڈ کے سابق وزیراعظم تھکسان شیناوترا اور ان کی صاحبزادی نے وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا (بقیہ نمبر 30)

پرائمری تعلیم کیلئے 4 کروڑ 79 لاکھ ڈالر کی منظوری

سکول سے باہر بچوں کو دوبارہ داخل، اساتذہ کی معاونت کو مضبوط بنایا جائیگا

منصوبے کے تحت ابتدائی تعلیم کو فروغ دیا جائیگا، میڈیا رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) عالمی بینک نے پنجاب کو پاکستان کے صوبہ پنجاب میں پرائمری تعلیم کو بہتر بنانے کیلئے 4 کروڑ 79 لاکھ ڈالر کی امداد دینے کی منظوری دی ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق اس منصوبے کے تحت ابتدائی تعلیم کو فروغ دیا جائے گا، (بقیہ نمبر 31)

بھارت کے پانی چھوڑنے پر ستلج کے حفاظتی بند ٹوٹ گئے

دریائے ستلج نے سرحد کے قریب علاقوں کو خطرے میں ڈال دیا ہے، انسانی آبادی اور مکانات بھی متاثر ہوئے ہیں

لاہور (این این آئی) بھارت کی جانب سے پانی چھوڑنے کے بعد دریائے ستلج کے کئی مقامات پر حفاظتی بند ٹوٹ گئے جس سے کئی بستیاں زیر آب آگئی ہیں اور ہزاروں لوگ بے گھر ہو گئے ہیں۔ پاکپتن کی بستی (بقیہ نمبر 34)

آزاد کشمیر میں بارشوں سے 23 افراد جاں بحق

بارشوں، سیلاب سے مجموعی طور پر 7175 گھروں کو نقصان، 5552 مویشی بھی ہلاک ہوئے

لاہور (این این آئی) عالیہ مون سون سیزن کے دوران بارشوں اور سیلاب سے جاں بحق افراد کی مجموعی تعداد 799 ہوگئی، ایک ہزار 80 افراد زخمی بھی ہوئے۔ نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی نے بارشوں اور سیلاب سے جانی و مالی (بقیہ نمبر 33)

ہنگو ایف سی قلعے پر حملے میں 3 اہلکار شہید، 17 زخمی

حملہ دوآبہ کے علاقے طورہ وڈی میں فرنٹیئر کانسٹیبلری قلعے پر کیا گیا، جوابی کارروائی میں دہشت گرد فرار ہوگئے

ہنگو (نامہ نگار) صوبہ خیبر پختونخوا کے ضلع ہنگو طورہ وڈی میں منگل کی صبح فرنٹیئر کانسٹیبلری (ایف سی) کی پوسٹ پر عسکریت پسندوں کے حملے میں 3 اہلکار شہید اور 17 زخمی ہوگئے۔ رپورٹ کے مطابق ایس پی آپریشنز اسد زبیر (بقیہ نمبر 32)

ملک سے غربت اور بے روزگاری کے خاتمے میں بی آئی ایس پی کا اہم کردار ہے، وزیراعظم

ڈیجیٹل والٹ کا اجراء

کیش لیس اکانومی سے کرپشن کا خاتمہ ہوگا: وزیراعظم

پروگرام کے چیئرمین، بی آئی ایس پی کی ٹیم اور تمام اسٹیک ہولڈرز کو سہرا کہا، پیش کیا، بی آئی ایس پی کے تحت ڈیجیٹل والٹس کے قیام اور مفت موبائل سمز فراہمی کے اجرا کی تقریب سے خطاب

وزیراعظم شہباز شریف سے گلگت بلتستان کے وفد کی ملاقات کی، وزیراعظم نے 25، 25 لاکھ روپے کے چیک دیئے

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے پروگرام کے چیئرمین، بی آئی ایس پی کی ٹیم اور تمام اسٹیک ہولڈرز کو سہرا کہا پیش کیا۔ بی آئی ایس پی کے تحت ڈیجیٹل والٹس کے قیام اور مفت موبائل سمز فراہمی کے اجرا کی تقریب سے خطاب کیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ ملک کی پوری آبادی کو کیش لیس اکانومی بنانے کے لئے اقدامات کئے جا رہے ہیں، کیش لیس معیشت سے کرپشن اور احتصال کا خاتمہ ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پروگرام کے تحت مستحقین کے (بقیہ نمبر 50)

وزیراعظم شہباز شریف سے گلگت بلتستان کے تین قومی ہیروز نے ملاقات کی، وزیراعظم نے 25، 25 لاکھ روپے کے چیک دیئے

اسلام آباد (رویندہ فیصل سے) وزیراعظم شہباز شریف سے گلگت بلتستان کے تین قومی ہیروز نے ملاقات کی، وزیراعظم نے 25، 25 لاکھ روپے کے چیک دیئے۔ وزیراعظم شہباز شریف سے گلگت بلتستان کے سپوتوں کو خراج تحسین پیش کیا، جن میں پیشرفت قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ ملک کی پوری آبادی کو کیش لیس اکانومی بنانے کے لئے کیلئے تمام تر تعاون و مسائل حل کرنے کی ہدایت دریاؤں، نہری نالوں کے اردگرد آبادی کو محفوظ مقامات پر منتقل کرنے اور سٹیج اور دیگر دریاؤں کی اقدامات کا حکم۔ سیلاب (بقیہ نمبر 51)

اسلام آباد: وزیراعظم محمد شہباز شریف پی آئی ایس پی کے ذریعے ڈیجیٹل والٹ سٹم کا آغاز کر رہے ہیں

ایس پی ڈوگلس کا اردل روم، مسائل سن کر حل کیلئے احکامات جاری

اسلام آباد (این این آئی) ایس پی ڈوگلس خالد محمود ڈھوان نے اردل روم کا انعقاد کیا، جس میں ایس پی ڈوگلس نے پولیس افسران کو دریافت مقدمہ اور ذاتی نوعیت کے (بقیہ نمبر 36)

لاہور، اسلام آباد موٹروے (ایم-2) پر ٹول ٹیکس کی نئی شرحوں کا اعلان

نئی شرحوں (آج) سے نافذ ہوں گی اور 25 اگست 2026 تک برقرار رہیں گی

لاہور، اسلام آباد موٹروے (ایم-2) پر ٹول ٹیکس کی نئی شرحوں کا اعلان کردیا گیا ہے، جو (آج) 26 اگست 2025 سے نافذ ہوں گی اور 25 اگست 2026 تک برقرار رہیں گی۔ سرکاری نوٹیفکیشن (بقیہ نمبر 35)

سیلابی ریلے کی آمد کے پیش نظر آبادی کا بروقت انخلاء یقینی بنانے کا حکم

دریاؤں ندی نالوں کے اردگرد آبادی کو محفوظ مقامات پر منتقل کرنے، سٹیج اور دیگر دریاؤں کی طغیانی کی صورتحال کی مانیٹرنگ کی ہدایت

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے سیلاب متاثرین کے عارضی قیام کے مناسب مقامات مہیا کرنے کرنے کا حکم

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) وزیراعلیٰ مریم نواز کا سیلابی ریلے کی آمد کے پیش نظر آبادی کا بروقت انخلا یقینی بنانے کا حکم، جانی نقصان سے بچاؤ کیلئے تمام تر تعاون و مسائل حل کرنے کی ہدایت دریاؤں، نہری نالوں کے اردگرد آبادی کو محفوظ مقامات پر منتقل کرنے اور سٹیج اور دیگر دریاؤں کی طغیانی کی صورتحال کی مانیٹرنگ کی ہدایت دریائی علاقوں سے حال مویشیوں کی بروقت منتقلی کیلئے اقدامات کا حکم۔ سیلاب (بقیہ نمبر 51)

وزیراعظم شہباز شریف پی آئی ایس پی کے ذریعے ڈیجیٹل والٹس کی لانچ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

وزیراعلیٰ کے دورہ جاپان کے خلاف شرمناک مہم

ملک شیخی کی بدترین مثال ہے عظمیٰ بخاری

وزیراعلیٰ پنجاب کے دورہ جاپان کے حوالے سے سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی لسٹ جھوٹ کا پلندہ ہے

سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی فہرست میں دیئے گئے نام جاپان کا دورہ کرنے والے وفد میں شامل نہیں، وزیر اطلاعات پنجاب

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) وزیراطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے جاپان کے سرکاری دورے کے حوالے سے سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی فہرست کو جھوٹ قرار دیا ہے "قراردیا ہے۔ "جھوٹ کا پلندہ" پاک۔جاپان سٹارٹی تعلقات کے ایک سے کرتے ہوئے اسے اور مثبت دورہ کا آغاز ہو چکا ہے، لیکن بدقسمتی سے ہے۔ انہوں نے کہا کہ جاپان کے ساتھ قومی مفادات پر حملہ آور (بقیہ نمبر 37)

چیف ایگزیکٹو آیکسو 26 اگست 2025 فیس بک لائیو اور ٹیلی فون پر آیکسو ریجن کے صارفین کی شکایات سنیں گے۔ ترجمان

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) ترجمان آیکسو کی جاری پریس ریلیز کے مطابق چیف ایگزیکٹو آیکسو انجینئر چوہدری خالد محمود مورخہ 26 اگست 2025 (بروز منگل) صبح 09:00 تا دن 11:00 بجے تک (بقیہ نمبر 38)

وزیراعظم شہباز شریف کا وفد جو گلگت بلتستان سے متعلق رکھنے والے تین چوہدریوں کے ہمراہ گروپ فوٹو میں کی بروقت وائرنگ کے نیچے میں تمام کیبنوں کو وادی غذر میں جناب گلیشیئر لیک آؤٹ برسٹ فلڈ سے محفوظ رکھا گیا

گلگت بلتستان میں 100 میگاواٹ سولرائزیشن منصوبے کے حوالے سے اسٹیئرنگ کمیٹی کا اجلاس کا انعقاد

متبادل ذرائع سے توانائی کا حصول وقت کی ناگزیر ضرورت ہے

منصوبے کی بروقت تکمیل کے لیے جامع حکمت عملی کے تحت عملی اقدامات اٹھائے جائیں گے، وفاقی وزیر توانائی

گلگت بلتستان کے عوام کو سستی اور ماحول دوست بجلی کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے، اویس لغاری

صدارت گلگت بلتستان میں 100 میگاواٹ سولرائزیشن منصوبے کے حوالے سے اسٹیئرنگ کمیٹی کا اجلاس اسلام آباد میں منعقد ہوا، جس میں وزارت توانائی (بقیہ نمبر 45)

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) وفاقی وزیر توانائی سردار اویس احمد خان لغاری کی زیر صدارت گلگت بلتستان میں 100 میگاواٹ سولرائزیشن منصوبے کے حوالے سے اسٹیئرنگ کمیٹی کا اجلاس اسلام آباد میں منعقد ہوا، جس میں وزارت توانائی (بقیہ نمبر 45)

وزیر داخلہ محسن نقوی سے ایرانی ہم منصب کا ٹیلیفونک رابطہ

میر جمیل کی دعا کی اور سیلاب متاثرین کی مدد کیلئے تعاون کی پیشکش کی

اسلام آباد (این ایف پی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سے ایرانی ہم منصب سکندر موتی نے ٹیلیفونک رابطہ کیا، جس میں انہوں نے سیلاب کی تباہ کاریوں میں (بقیہ نمبر 52)

لاہور: صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شاہ حسین اور لکسٹ ٹریڈ ایڈوکیٹ سنٹر پاکستان کے چیئرمین ظہیر حسین سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے تعاون کے معاہدے پر دستخط کر رہے ہیں

جمرود، نامعلوم افراد کی فائرنگ سے پولیس اہلکار شہید

پشاور (این این آئی) تھانہ حدود جمرود علاقہ غضبی میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے پولیس اہل کار شہید ہوگیا۔ ڈی پی او رائے مظہر اقبال نے بتایا کہ فائرنگ سے پولیس اہلکار خورشید کو شہید کیا گیا جس کے بعد ملزمان فرار ہوگئے۔ ڈی پی او کے مطابق پولیس اہلکار خورشید گھاٹی پر کھڑا تھا جب گھر کے سامنے فائرنگ (بقیہ نمبر 53)

صوبائی پارلیمانی سیکرٹیری اطلاعات و ثقافت پنجاب شازیہ رضوان ڈھوکی حسوں میں میٹرو پلیٹفارمز کے دورے اجتماع لگائے گئے فری میڈیکل کیمپ کا دورہ کر رہی ہیں

علی امین گنڈاپور نے سیلاب متاثرہ علاقوں سے متعلق اجلاس طلب

مزید امدادی رقوم کی فوری فراہمی پر حکمت عملی تیار ہوگی، ترجمان

پشاور (این این آئی) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور نے سیلاب متاثرہ علاقوں سے متعلق اجلاس طلب کرلیا۔ ترجمان وزیراعلیٰ کے مطابق اجلاس میں اب تک (بقیہ نمبر 54)

ماہ ربیع الاول کے بابرکت مہینے کی آمد پر امت مسلمہ کو مبارکباد پیش

رسول اکرم ﷺ کی ذات اقدس پوری انسانیت کیلئے رشد و ہدایت کا سرچشمہ ہے۔ آپ ﷺ کی آمد نے دنیا کے کفر و جاہلیت کے اندھیرے چھٹ گئے

ایکنیکو قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کا حضور اکرم ﷺ کی ولادت باسعادت کے بابرکت مہینے کی آمد کے موقع پر پیغام

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) ایکنیکو قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے خاتم النبیین حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی ولادت باسعادت کے بابرکت مہینے کی آمد پر پوری امت مسلمہ کو مبارکباد پیش کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ رسول اکرم ﷺ کی ذات اقدس پوری انسانیت کے لیے رشد و ہدایت کا سرچشمہ ہے۔ آپ ﷺ کی آمد نے دنیا کے کفر و جاہلیت کے اندھیرے چھٹ گئے، ظلم و استبداد کی زنجیریں ٹوٹ گئیں (بقیہ نمبر 39)

ڈاکٹر سید مرتضیٰ اندرابی نے پی اے آر سی کے چارج سنبھال لیا

ڈاکٹر اندرابی کو تین ماہ کے لیے پی اے آر سی کا قائمقام چیئرمین مقرر کیا گیا ہے، کابینہ ڈویژن کی جانب سے نوٹیفکیشن جاری

ڈاکٹر اندرابی اس وقت پاکستان زرعی تحقیقاتی کونسل میں ممبر انٹیگریٹڈ سائنس ڈویژن کے طور پر خدمات سرانجام دے رہے ہیں

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) ڈاکٹر سید مرتضیٰ اندرابی کو تین ماہ کے لیے پی اے آر سی کا قائمقام چیئرمین مقرر کیا گیا ہے۔ کابینہ ڈویژن کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق صدر مملکت نے پی اے آر سی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈاکٹر سید مرتضیٰ اندرابی کو قائمقام چیئرمین کا چارج (بقیہ نمبر 55)

حماد اظہر کا ضمنی الیکشن لڑنے کا اعلان

اسلام آباد (این این آئی) رہنما پی ٹی آئی حماد اظہر نے این اے 129 سے ضمنی الیکشن میں حصہ نہ لینے کا اعلان کردیا۔ جاری بیان میں حماد اظہر نے کہا کہ والد کی خالی نشست پر ان کے بھائی اسلان اظہر کو الیکشن لڑایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ والد کی ہدایت پر این اے 129 کا ضمنی الیکشن نہ لڑنے کا فیصلہ (بقیہ نمبر 40)

ریجنل پولیس آفیسر راولپنڈی ریجن باہر سرفراز الپا تھانہ ستی کا وزٹ کرتے ہوئے

سلمان اکرم راجا کا سیکرٹری جنرل پی ٹی آئی کے عہدے سے مستعفی ہونے کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) رہنما پی ٹی آئی سلمان اکرم راجا نے پارٹی سیکرٹری جنرل کے عہدے سے مستعفی ہونے کا فیصلہ کرلیا۔ سوشل میڈیا پر جاری بیان میں سلمان اکرم راجا نے کہا کہ پارٹی پی ٹی آئی سے عہدے سے مستعفی ہونے کی گزارش کروں گا، پارٹی کیلئے (بقیہ نمبر 41)

سیلابی وارننگ دینے کیلئے بھارت کا پاکستان سے دوسرا رابطہ

بھارت نے دریائے طوی میں بڑے سیلاب کے ممکنہ خطرے سے آگاہ کیا، دفتر خارجہ

اسلام آباد (بیورو چیف) بھارت نے 24 گھنٹے کے دوران پاکستان سے دوسری بار رابطہ کر کے ممکنہ سیلاب کے خطرے سے آگاہ کردیا۔ سفارتی ذرائع نے بتایا کہ بھارتی ہائی کمیشن اسلام آباد نے وزارت خارجہ سے رابطہ کر کے دریائے طوی میں سیلاب سے متعلق (بقیہ نمبر 46)

کشمیر اسلام آباد کو عوامی حقوق پر ڈاکہ نہیں ڈالنے دینگے، رانا اللہ

جماعت اسلامی نے کشمیر ہاؤس اور میئر ہاؤس کے گھیراؤ کا اعلان کردیا

اسلام آباد (اے ایف پی) امیر جماعت اسلامی اسلام آباد کمشنر ظہر اللہ رند ہوا نے کہا ہے کہ اگر اسلام آباد کو آئینی حق نہیں دیا گیا تو کشمیر ہاؤس کا گھیراؤ کریں گے، شہر میں آٹا، چینی، کشمیر آٹا، فیس کے ڈاکے بند کیے جائیں۔ ڈی سی، کشمیر آٹا، فیس کے ڈاکے بند کیے جائیں۔ پانی، صحت، تعلیم سہولت (بقیہ نمبر 47)

ریجنل پولیس آفیسر راولپنڈی ریجن سرفراز الپا تھانہ کی کے علاقہ میں محلی کچہری کے دوران شہریوں کی درخواستوں پر متعلقہ افسران کو احکامات جاری کرتے ہوئے

اسحاق ڈار کے دورہ بنگلہ دیش کے اثرات آئیں گے، بلال اظہر

تاثر دیا جا رہا ہے کہ 9 مئی واقعات کا بدلہ لیا جا رہا، وزیر مملکت خزانہ

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت خزانہ بلال اظہر کیانی نے کہا ہے کہ اسحاق ڈار خزانہ بال اظہر کیانی کے ساتھ تعلقات میں تجارت بھی حصہ ہے۔ تاثر دیا جا رہا ہے کہ 9 مئی واقعات کا بدلہ کے دورہ بنگلہ دیش کے اثرات آئیں گے ان لیا جا رہا ہے، جس کا (بقیہ نمبر 42)

ضمنی انتخابات میں عوام کا فیصلہ قبول کریں گے، طلال چوہدری

پی ٹی آئی مذاکرات کرنا چاہتی ہے تو اسمبلی قومی اسمبلی کی آفر قبول کرے

اسلام آباد (این ایف پی) وزیر مملکت داخلہ طلال چوہدری نے کہا ہے کہ ضمنی انتخابات میں عوام کا فیصلہ قبول کریں گے، پاکستان تحریک انصاف مارکٹ نہیں، مارکٹ وہ ٹوٹ چکی ہیں جنہوں نے قانون توڑا ہے۔ (بقیہ نمبر 56)

اسلام آباد کے شہریوں کو مفت وائی فائی کی سہولت فراہم کی جائیں گی

اس نظام کو خود انحصار بنانے کیلئے بہترین مارکیٹنگ ماڈل بھی تشکیل دیا جائے، حاصل آمدنی مرمتی کاموں پر استعمال میں لائی جائے

اس سلسلہ میں چیئرمین سی ڈی اے و چیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا نے سی ڈی اے ہیڈ کوارٹرز میں ایک اہم اجلاس کی صدارت کی

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) وزیراعظم کی روشنی میں اسلام آباد کے شہریوں کو مفت وائی فائی کی سہولت فراہم کی جائیں گی۔ اس سلسلہ میں چیئرمین سی ڈی اے و چیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا نے سی ڈی اے ہیڈ کوارٹرز میں ایک اہم اجلاس کی صدارت کی۔ پاکستان میلاں محمد شہباز شریف کے وژن اور وفاقی وزیر داخلہ سید محسن رضا نقوی کے احکامات پر عمل کرتے ہوئے اسلام آباد کو سمارٹ سٹی بنانے کی جانب پیش رفت کی گئی۔ ہیڈ کوارٹرز میں اہم اجلاس میں (بقیہ نمبر 43)

اسلام آباد، چیئرمین سی ڈی اے و چیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا نے سی ڈی اے ہیڈ کوارٹرز میں اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

18 افغان شہریوں کو واپس بھجوانے کی کارروائی روک دی گئی

وزارت داخلہ، نادرا، ڈی جی امیگریشن، ایف آئی اے کو نوٹس جاری

اسلام آباد (این ایف پی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے 18 افغان شہریوں کو واپس بھجوانے کی کارروائی کو آگے بڑھانے سے روک دیا، عدالت عالیہ نے وزارت داخلہ، نادرا، ڈائریکٹر جنرل (ڈی جی) امیگریشن، وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی (بقیہ نمبر 48)

پیپلز پارٹی پنجاب کے 4 حلقوں سے ضمنی الیکشن میں حصہ لے گی

چار دیں حلقوں کے لئے امیدواروں سے درخواستیں طلب کر لی گئیں

اسلام آباد (این ایف پی) پاکستان پیپلز پارٹی نے حلقوں سے ضمنی الیکشن میں حصہ لے گی۔ پیپلز لیگ سے انتخابی مہم کے تحت پنجاب کے 4 پارٹی پی پی 98، این (بقیہ نمبر 49)

یکم تا 12 ربیع الاول عشرہ رحمت اللعالمین ﷺ منایا جائیگا

چاروں صوبوں بشمول گلگت بلتستان و کشمیر کو بھی سیرت النبی ﷺ کانفرنسز کے انعقاد کی ہدایات کر دی، سردار محمد یوسف

قوم تقاریب میں بھرپور شرکت غریب، نادار افراد خصوصاً سیلاب زدگان کیلئے مدد و تعاون کرے، وزیر مذہبی امور پریس کانفرنس

اسلام آباد (رویندہ فیصل سے) وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف نے کہا ہے کہ وزارت مذہبی امور نے 1447 ہجری کو 1500 ویں ولادت باسعادت کے طور پر منانے کا اعلان کیا ہے، یکم تا 12 ربیع الاول عشرہ رحمت اللعالمین منایا جائے گا۔ اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس کا سب سے اہم حصہ 50 ویں سیرت النبی ﷺ کانفرنس کا انعقاد ہوگا، اس کانفرنس میں اہم سیاسی و سرکاری و دین الاقوامی شخصیات شرکت کریں گی، سوشل میڈیا کے مثبت استعمال کی تعلیم و تربیت، ریاست کی ذمہ داریاں سیرت ﷺ کی روشنی میں ہوگا، چاروں صوبوں بشمول (بقیہ نمبر 57)

ریجنل پولیس آفیسر راولپنڈی ریجن باہر سرفراز الپا تھانہ منڈی کا وزٹ کرتے ہوئے

عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
بانی: کامریڈ عبدالرشید ایڈووکیٹ، ایڈیٹر: فرخندہ رشید بیگم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

فیلڈ مارشل عاصم منیر کا دورہ بلوچستان

پاک فوج کے سربراہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے بلوچستان کے علاقے تربت کا دورہ کیا جہاں ان کو صوبے میں فتنہ الہندوستان کے خلاف کامیاب آپریشن اور مختلف منصوبوں سے متعلق بریفنگ دی گئی۔ اس موقع پر آرمی چیف نے اچھی طرز حکمرانی اور بنیادی ڈھانچے کی ترقی کی اہمیت کو اجاگر کرنے کے ساتھ سول و عسکری اداروں کے تعاون کو بلوچستان کے مسائل کے حل کے لیے ضروری قرار دیا اور جنوبی بلوچستان کی سماجی ومعاشی ترقی کے عزم کو دہرایا اور کہا کہ پاک فوج بلوچستان کے عوام کے شانہ بشانہ ہے۔ فوج پائیدار امن اور ترقی کی کوششوں میں بھرپور ساتھ دیتی رہے گی۔ یہ حقیقت اپنی جگہ اٹل ہے کہ ہر دور حکومت میں بلوچستان کے مسائل حل کر کے اسے قومی دھارے میں لانے کا عزم باندھا گیا جبکہ صدر آصف علی زرداری نے اپنے سابقہ دور میں "آغاز حقوق بلوچستان پیکیج" کا اعلان کیا تاکہ بلوچ قوم کی محرومیوں کا ازالہ کیا جاسکے لیکن بدقسمتی سے یہ پیکیج یا تو سیاست کی نذر کر دیا گیا یا مصلحت کا شکار ہو کر اسے ہمیشہ کی طرح ایک بار پھر نظرانداز کر دیا گیا جس کا ہر دوصوبوں میں نقصان پاکستان کو ہی بھگتنا پڑ رہا ہے۔ اگر فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے بلوچستان کے مسائل کے پائیدار حل کے لیے سول اور عسکری تعاون کا ادراک کرتے ہوئے بلوچستان کے مسائل کے حل کو ضروری قرار دیا ہے اور بلوچ عوام کے شانہ بشانہ کھڑے ہونے کی یقین دہانی بھی کرائی ہے تو امید کی جاسکتی ہے کہ اس عزم کو عملی جامہ بھی پہنایا جائے گا۔ بلوچستان کی معدنی دولت عاصم منیر کے اس فیصلے کو مزید اہم بناتی ہے۔ چاغی کے ریکوڈک میں دنیا کے سب سے بڑے سونے اور تانبے کے ذخائر ہیں، اگر وہ بروئے کار لائے جائیں تو عملی معیشت کو سنبھالا دینے کے ساتھ ساتھ عالمی سطح پر بھی پاکستان کو اہم مقام دلواسکتے ہیں۔ اس لیے بلوچستان کے مسائل پر سیاست کرنے کے بجائے یہاں کے عوام کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کر کے بلوچ عوام کو مطمئن کیا جائے تاکہ بلوچستان میں پائیدار امن کی راہ ہموار کی جاسکے۔ اور اس ضمن میں سب سے اہم بات یہ ہے کہ ان اقدامات سے بھارت کی ان شرانگیزیوں کے آگے مؤثر بند باندھا جاسکتا ہے جن کی بنا پر وہ اپنے تخریب کاری کے نیٹ ورک کے ذریعے بلوچ نوجوانوں کو پاکستان سے برگشتہ کر رہا ہے۔

صحافت یا ڈھال؟ لمحہ فکریہ

تحریر: فرخندہ۔۔۔ خاور شہزاد

صحافت کو ہمالہ پر ریاست کا چوتھا ستون کہا جاتا ہے۔ یہ وہ طاقت ہے جو عوام اور حکمرانوں کے درمیان پل کا کردار ادا کرتی ہے، جو حقائق کو روشنی میں لاتی ہے اور معاشرے کو آئینہ دکھاتی ہے۔ لیکن افسوس! آج یہ مقدس شعبہ بھی ذاتی مفاد، مالی لالچ اور وقتی فائدے کی بھینٹ چڑھتا جارہا ہے۔ قلم کی حرمت اگر بک جائے مفادی منڈی میں۔ تو پھر سچ وسچائی کی روشنی ہمیشہ کے لیے بجھ جائے گی۔ یہ کوئی نئی بیماری نہیں۔ تاریخ گواہ ہے کہ جب بھی کسی معاشرے کے معمار نے ضمیر کو سچ دینے ہیں، اس قوم کی جڑیں کھوکھلی ہوجاتی ہیں۔ سقوط ڈھاکہ سے لے کر آمریت کے ادوار تک، کئی مثالیں سامنے ہیں جب صحافت کا ایک حصہ طاقتوروں کا ترجمان بن گیا اور سچ دب گیا۔ مگر روشنی تو میں بجھ سکیں جن کے صحافیوں نے جیلیں کاٹیں، کوڑے کھائے مگر قلم نہ بیچا۔ آج سوال یہ ہے کہ کیا ہم اُن قربانیوں کو بھلا بیٹھے ہیں؟ گزشتہ کچھ عرصے سے ایک افسوسناک رجحان دیکھنے میں آرہا ہے۔ چند ریکارڈ یافتہ اور مشکوک افراد نے صحافت کا لبادہ اوڑھ رکھا ہے۔ یہ وہی عناصر ہیں جو قوم کے زخموں پر مرہم رکھنے کے بجائے اپنے مفاد کے لیے اُن زخموں پر نمک چھڑکتے ہیں۔ یہ قلم کو کرائے پر بیچنے والے لوگ ہیں جنہوں نے سچائی کا خون کر کے ضمیر کو گروی رکھ دیا ہے۔ ان دنوں ایک اور ٹولہ سرگرم ہے! اگر کہا جائے تو غلط نہ ہوگا۔ یہ گینگ ریاستی ادارے اور معاشرہ کس سمت میں جا رہی ہے؟ ان خوشامدی ٹولوں نے مقدس فریضے کو ذاتی بنا دیا ہے۔ تاریخ ایسے لوگوں کو کبھی معاف نہیں کرتی جو قوم کے مقدس فریضے کو ذاتی لالچ کے بدلے بیچ ڈالیں۔ قلم کے خدار ضمیر کے سوداگر یہ جہد کے قاتل ہیں، لفظوں کے رہزن ہیں جہاں قلم بیک جائے خاطور کے قدموں میں وہاں سچائی دفن اور جھوٹ کی صبح ہوتی ہے یہ وہی دشمن ہیں جو بھیڑوں کی طرح صحافت کی صفوں میں گھس کر پورے پیشے کو بدنام کر رہے ہیں۔ اگر ان کا احتساب نہ ہوا تو آنے والا مورخ لکھے گا کہ قلم فروشوں نے سچ کا جنازہ خود اپنے ہاتھوں سے اٹھایا۔ صحافیوں کی صف میں جو غدار کھڑے ہیں، وہ دراصل قوم کے اصل مجرم ہیں۔ یہ وہ کردار ہیں جنہیں آنے والی نسلیں لفافہ پرست اور قلم فروش کے نام سے یاد کریں گی۔ یہ سوال اپنی جگہ قائم ہے کہ اگر صحافت ریکارڈ یافتہ عناصر کے تحفظ کے لیے ڈھال بن جائے تو پھر عوام کے حقوق کی کہانیاں کون کرے گا؟ اگر وہ قلم جو مظلوم کے لیے آواز اٹھانے والا تھا، ظالم کے مفاد کی حفاظت میں لگ جائے تو پھر ریاستی ادارے اور معاشرہ کس سمت میں جائیں گے؟ ان دنوں ایک اور ٹولہ سرگرم ہے! کہا جائے خوشامدی ٹولہ تو یہ فلنہ نہ ہوگا یہ عناصر صحافت کو بدنام کرنے کے ساتھ ساتھ اس پیشے کی جڑوں میں دیمک کی طرح بیٹھ گئے ہیں یہ عوامی مسائل کی بجائے مخصوص افراد اور سرمایہ داروں کی تعریفیں کرتے ہیں صحافت عوام کی امانت ہے لیکن یہ لوگ اسے چاپلوسی کا آلہ کار بنا کر چند ہزار یا چند مراعات کے عوض بیچ رہے ہیں۔ اگر ان کا احتساب نہ ہوا تو آنے والی نسلیں انہیں کو بھی صحافت کے نام پر ڈھال بنا کر مسلط کرتی رہیں گی۔ یہ ریاست کے خلاف سازش ہے۔ پاکستان الیکٹرانک میڈیا ریگولیٹری اتھارٹی (PEMRA) آرڈیننس 2002 اور پریس کونسل آف پاکستان آرڈیننس 2002 واضح کرتے ہیں کہ صحافت کو کسی غیر قانونی سرگرمی یا ذاتی مفاد کے لیے استعمال نہیں کیا جاسکتا۔ اسی طرح پریس کلبز کے اپنے ضابطہ اخلاق اور کنیتھ قوانین بھی بتاتے ہیں کہ ریکارڈ یافتہ یا مشکوک شخص کو صحافت کی چھتری کے نیچے پناہ دینا غیر قانونی اور ادارے کی ساکھ کو مٹانی ہے۔ صحافیوں کا ضابطہ اخلاق 2015 بھی آئینہ دکھاتا ہے:

شق 3: قلم ذاتی یا مالی لالچ کے لیے نہیں بک سکتا۔

شق 7: ہر نام نہاد پیشہ افراد کو صحافت کی آڑ میں تحفظ دینا بدترین بددیانتی ہے۔

شق 9: جھوٹی ٹائمنگ اور مفاد پرستی پامال کر رہا ہے بلکہ حقیقی صحافیوں کی قربانیوں کو بھی داغدار کر رہا ہے ان کے باعث عوام کے دلوں میں یہ سوال جنم لے رہا ہے کہ کیا میڈیا اب سچ کا ترجمان ہے یا صرف طاقتوروں کی PR مشین؟؟

خاموش ضمیر کا پابند نہ رہا وہ دراصل قوم کے اصل مجرم ہیں۔ یہ وہ کردار ہیں جنہیں آنے والی نسلیں لفافہ پرست اور قلم فروش کے نام سے یاد کریں گی۔

یہ سوال اپنی جگہ قائم ہے کہ اگر صحافت ریکارڈ یافتہ عناصر کے تحفظ کے لیے ڈھال بن جائے تو پھر عوام کے حقوق کی کہانیاں کون کرے گا؟ اگر وہ قلم جو مظلوم کے لیے آواز اٹھانے والا تھا، ظالم کے مفاد کی حفاظت میں لگ جائے تو پھر ریاستی ادارے اور معاشرہ کس سمت میں جائیں گے؟ ان دنوں ایک اور ٹولہ سرگرم ہے! کہا جائے سرمایہ داروں کی توقیر کرتے ہیں صحافت عوام کی امانت ہے لیکن یہ لوگ اسے چاپلوسی کا آلہ کار بنا کر چند ہزار یا چند مراعات کے عوض بیچ رہے ہیں۔ اگر ان کا احتساب نہ ہوا تو آنے والی نسلیں انہیں کو بھی صحافت کے نام پر ڈھال بنا کر مسلط کرتی رہیں گی۔ یہ ریاست کے خلاف سازش ہے۔ پاکستان الیکٹرانک میڈیا ریگولیٹری اتھارٹی (PEMRA) آرڈیننس 2002 اور پریس کونسل آف پاکستان آرڈیننس 2002 واضح کرتے ہیں کہ صحافت کو کسی غیر قانونی سرگرمی یا ذاتی مفاد کے لیے استعمال نہیں کیا جاسکتا۔ اسی طرح پریس کلبز کے اپنے ضابطہ اخلاق اور کنیتھ قوانین بھی بتاتے ہیں کہ ریکارڈ یافتہ یا مشکوک شخص کو صحافت کی چھتری کے نیچے پناہ دینا غیر قانونی اور ادارے کی ساکھ کو مٹانی ہے۔ صحافیوں کا ضابطہ اخلاق 2015 بھی آئینہ دکھاتا ہے:

شق 3: قلم ذاتی یا مالی لالچ کے لیے نہیں بک سکتا۔

شق 7: ہر نام نہاد پیشہ افراد کو صحافت کی آڑ میں تحفظ دینا بدترین بددیانتی ہے۔

شق 9: جھوٹی ٹائمنگ اور مفاد پرستی ناقابل قبول اور قابل سزا فعل ہے۔

شق 11: خبر کو بدنیتی یا مالی دباؤ کے تحت چیک کرنا تو بنی جرم ہے۔

یہ شقیں چیخ چیخ کر اعلان کر رہی ہیں کہ ایسے عناصر صحافت کے نہیں بلکہ معاشرے کے دشمن ہیں۔

عوام بجا طور پر یہ سوال کر رہے ہیں کہ صحافت کس کے لیے ہے؟ کیا یہ چند مافیاز، لابیوں اور سرمایہ داروں کے لیے ہے یا ان بے بس شہریوں کے لیے جن کی آواز دبائی جارہی ہے؟ گاؤں کے کسان، شہر کا مزدور، یونیورسٹی کا طالب علم اور بے روزگار نوجوان یہ پوچھتے ہیں کہ میڈیا اب ان کا ترجمان ہے یا نہیں؟

اگر صحافی ضمیر کے سوداگر بن گئے تو پھر عوام کو اپنے حقوق کے لیے کہاں جانا ہوگا؟

جب بکنے لگیں ضمیر کی قیمت پر سچ کی آوازیں

تو قومیں برباد ہو جاتی ہیں، تہذیبیں ڈوب جاتی ہیں

عوامی اور سماجی حلقے بجا طور پر سچ اٹھے ہیں کہ اگر انتخابی، منجرا، پریس کونسل اور پریس کلبز نے نوٹس نہ لیا تو یہ ناسور صحافت کی بنیادوں کو چاٹ جائے گا۔ یہ معاملہ محض چند افراد کا نہیں بلکہ پورے معاشرے کے مستقبل کا ہے

وقت آگیا ہے کہ نقاب الٹ دیے جائیں۔ ایسے جعلی صحافیوں کو بے نقاب کیا جائے جو مقدس پیشے کو ڈھال بنا کر مشکوک ریکارڈ یافتہ عناصر کو تحفظ دے رہے ہیں۔ قلم کو سودے بازی اور مفاد پرستی سے آزاد کرنا ہوگا، ورنہ یہ آگ سب کو جلا دالے گی۔

قلم کی قسم! اگر یہ سچ کے لیے نہ اٹھا تو آنے والی نسلیں ہمیں کبھی معاف نہیں کریں گی

اب وقت آگیا ہے کہ حکومتی ادارے، منجرا، پریس کونسل اور پریس کلبز اپنی آئینی وقانونی ذمہ داریاں ادا کریں۔ ایسے جعلی اور مشکوک عناصر کو نہ صرف صفوں سے نکالا جائے بلکہ ان کے خلاف کارروائی بھی کی جائے تاکہ صحافت کی عزت وحرمت محفوظ رہ سکے۔

ساتھ ہی عوام پر بھی ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ ایسے نام نہاد صحافیوں کو پہچانیں اور ان کی باتوں میں آکر اپنی رائے اور شعور کو گمراہ نہ ہونے دیں۔ یاد رکھیں! اگر ہم نے خاموشی اختیار کی تو یہ خاموشی کل ہمارے اپنے مستقبل کو نگل جائے گی۔

یہ وقت پکار رہا ہے۔ جاگو، بیدار ہو، جاگو قلم کو بچانا ہے، جھوٹ کو زندہ رکھنا ہے

اگر آج ہم نے چپ کی ساکھ نہ دی تو کل ہماری اولادیں ہمیں بزدل، بے ضمیر اور مجرم قرار دیں گی۔

"نئے صوبوں کی تشکیل ایک اچھی پیش رفت"



تحریر: سید مزہب ایوب کاظمی، شہر: اسلام آباد

نئے صوبوں کی تشکیل وقت کی اہم ضرورت ہے۔ پاکستان کو آزادی حاصل کیے ہوئے سات دہائیاں گزر چکی ہیں۔ اس دوران ملک نے مختلف نشیب وفراز دیکھے۔ وفاقی اکائیوں کے درمیان ہم آہنگی، وسائل کی تقسیم، انتظامی مسائل اور عوامی محرومیاں ہمیشہ بحث کا حصہ رہی ہیں۔ انہی مسائل کے حل کے لیے بارہا یہ سوال اٹھایا جاتا ہے کہ کیا پاکستان میں نئے صوبوں کی تشکیل وقت کی اہم ضرورت ہے؟ میرے محترم قارئین نئے صوبوں کی ضرورت کیوں ہے؟

آبادی بڑھنے کے ساتھ انتظامی مسائل بھی بڑھ گئے ہیں۔ موجودہ صوبے اتنے بڑے ہیں کہ انتظامی مشینری عام آدمی تک پہنچنے میں ناکام ہو جاتی ہے۔

چھوٹے صوبے بننے سے وسائل کا استعمال متاثر ہوتا ہے وہ زیادہ مؤثر انداز میں ہوگا۔

بڑے صوبوں میں اکثر محرومیاں نظرانداز ہو جاتے ہیں۔ نئے صوبے بننے سے ان خطوں کو اپنی آواز ملے گی۔

محرومیوں کا خاتمہ سیاسی استحکام کو کم کرے گا اور وفاق مزید مضبوط ہوگا۔

پاکستان میں مختلف درج ذیل صوبوں کے قیام کا مطالبہ کرتے ہیں۔

جنوبی پنجاب (سرائیکی صوبہ)

ہزارہ صوبہ

بلوچستان کے بعض ڈویژن

فاٹا کا الگ انتظامی ڈھانچہ (اگر چہ اب یہ خیبر پختونخوا میں ضم ہو چکا ہے)

فوائد: یہ بھی ممکن ہو نقصانات؟

متاثر کن ترقیاتی منصوبوں میں تیزی آئے گی۔

بیروکاری اور بے سمانی میں کمی ہوگی۔

چھوٹے صوبے زیادہ بہتر طور پر تعلیم، صحت اور بنیادی سہولیات پر توجہ دے سکیں گے۔

وفاق پر بوجھ کم ہوگا اور فیصلہ سازی مؤثر ہوگی۔

خدشات اور مسائل

نئے صوبے بنانے کے لیے آئینی ترمیم درکار ہے جو ایک پیچیدہ عمل ہے۔

سیاسی جماعتیں اکثر اس سے گلوں فائدے کے بجائے ذاتی یا علاقائی سیاست کے لیے استعمال کرتی ہیں۔

نئے صوبوں کے قیام میں مالی اور نسلی تعصبات کو ہوا دے کا خطرہ بھی موجود ہے۔

مالی وسائل کی تقسیم اور دارالحکومت کے تعین جیسے معاملات تنازعات جنم دے سکتے ہیں۔

نئے صوبوں کی تشکیل بلاشبہ وقت کی اہم ضرورت ہے۔ تاہم یہ عمل صرف سیاسی فرہ بازی تک محدود نہ رہ بلکہ ایک مجیدہ قومی پالیسی کے تحت کیا جائے۔ صوبے لسانی بنیادوں پر نہیں بلکہ انتظامی سہولت، آبادی، اور وسائل کی منصفانہ تقسیم کو سامنے رکھ کر تشکیل دیے جائیں۔ اگر نئے صوبوں کا قیام ٹھیک تعین اور حکمت عملی کے ساتھ کیا جاتے تو یہ وفاق کو کمزور کرنے کے بجائے مزید مضبوط بنانے کے باعث بنے گا۔

اسے محترم ہماری عوامی سطح پہ یہ مدارفرض بنتا ہے ہم کو حتمی اقدام کو سراہتے ہوئے حکومت کے فیصلے کے ساتھ مطبوطی کے ساتھ ڈٹ کر کھڑے ہو جانا کہ یہی ہمارا مدارخوش بختی کی علامت ہے۔

ایک ایسا ریاست کے مسلمان باشندے ہونے کی حیثیت سے بھی ہم سے ہمارے دین کا تقاضا بھی یہی ہے کہ اگر ہم عوام کو لگے کہ حکومتی فیصلے بحکومتی اقدامات ہماری مرضی کے عین مطابق نہیں ہیں پھر بھی ہمیں بجائے حکومت کے خلاف آواز اٹھانے کے حکومت کے خلاف دنگا فساد کرنے سے، اور حکومتی معلومات میں روڑے اٹکانے سے مکمل پرہیز کرنا چاہیے، اور اپنی زیست کے ڈگر کا تعین راہ حکمت کی اور موڑ لینا چاہیے، بحکومتی فیصلوں کی کامیابی و بھلائی کے لیے راہیں استوار کرنے میں بھرپور حکومت کا ساتھ دینا چاہیے، تاکہ دین اسلام کا پرچم پوری دنیا میں بلند رہے عزت ووقار کے ساتھ سجی سجی رہے اور یہی دین کا تقاضا۔

یہاں پر میں حضرت علی ابن ابی طالب علیہ السلام کا ایک قول ضرور نقل کرنا چاہوں گی، کہ

آپ علیہ السلام فرماتے ہیں کہ ایسے مردوں سے اللہ بے حد ناراض ہوتا ہے جو حکومتی معاملات پر حکومت کے خلاف دنگا فساد یا بحث وتکرار کرتے ہیں کہ وہ اپنے گھر خاندان کے معاملات کو بخوبی بھانے کے پابند کے گئے ہوں اور وہ انہیں سچ راہ نکلنا چھوڑے خود۔۔۔۔۔۔۔۔

اپنے اندر کی سے اجازت چاہتے ہوئے آخر میں

سب ذوالجلال سے نہایت عاجزانہ ایک التجا، کہ اے خدائے یکتا، اے برحق کے حقیقی وارث، اے رب آخر ع، اے رب نوح نوح، اے رب موسیٰ ع، اے رب یعقوب ع، اے رب یوسف ع، اے رب یحیی ع، اے رب ابراہیم ع، اے رب محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وآل محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہم اس بات کا اقرار کرتے ہیں اور تیرے حضور نہایت دل سوز عاجزانہ اظہار کرتے ہیں کہ ہمیں تم سے دور رہتے ہیں مگر تو ہر پل، ہر گھڑی، ہر سانس، ہر لمحہ ہمارے قریب رہتا ہے، اتنا قریب کہ ہماری شہ رگ سے بھی قریب، ہم بھولے بھٹکے گنہگار تیرے حقیر بندوں کو جب جھوٹے منافقت کی چادر اوڑھ سے ہمارے بے سہارا کر دیں اون وقت ہمیں نہایت مطبوطی سے ہر شر سے بچا کر تو تھام لیتا ہے۔ اس پر ہم گنہگار شکر ادا کرتے کبھی شکر کا حق ادا نہ کر پائیں۔

اے رب واحد تیری بارگاہ میں عاجزانہ عرض ہے کہ ہمیں بھٹکنے مت دینا۔ ہمیں راہ حق کا راہی بنانا۔ ہمیں راہ حق دکھانا، اس پر چلانا اور اس پر مطبوطی سے قائم رکھنا۔ آمین

ہمارے ملک پاکستان کی اپنے فرشتوں کی حفاظت فرمانا۔ ہماری فوج کی غیب سے مدد فرمانا کہ یہ خطرات سے، فتنوں سے، پاکستان مخالف مناقشات روشی سے نبرد آزما ہیں۔

آمین یارب العالمین

SHOWBIZ شوبز

بالی وڈ نے پھر پاکستانی گانا چرالیا، سوشل میڈیا صارفین کا دعویٰ

فلم میں یہ گانا اداکارہ جھانوی کپور اور سدھارتھ ملہوترا پر فلمایا گیا ہے



کراچی (این این آئی) بالی ووڈ کی فلم "پرم سندر" کا گانا Dangal میڈیز ہوتے ہی تنقید کی زد میں آگیا، پاکستانی سوشل میڈیا صارفین نے دعویٰ کیا ہے کہ یہ گانا نیلوفر کی فلم "پرم سندر" کا ہے جو 2015 میں ریلیز ہوئی تھی، جو دارے کی شادی کی تقریبات کا ایک اہم حصہ تھا۔

شادی کے بعد وزن بڑھنے پر حاملہ ہونے کی افواہیں پھیل گئیں

کئی سینئر اداکاروں کی دکھ بھری کہانیاں سنی ہیں، ماریہ حبیب



کراچی (این این آئی) ماڈل و اداکارہ ماریہ حبیب نے شادی کے بعد وزن بڑھنے پر لوگوں کی جانب سے بھیلائی جانے والی حاملہ ہونے کی افواہوں پر کھل کر رائے دی۔ ماریہ حبیب نے حال ہی میں احمد علی بٹ کے پوڈکاسٹ میں شرکت کی، جہاں انہوں نے مختلف معاملات پر کھل کر گفتگو کی۔ اداکارہ نے بتایا کہ اپنا وزن نہیں ہوتا، اصل چیز انعام ہوتا ہے کہ لوگ آپ کا کام دیکھ کر آپ کے بارے میں اچھی باتیں کریں۔ ماریہ حبیب کے مطابق انہوں نے کئی سینئر اداکاروں کی دکھ بھری کہانیاں سنی ہیں جن کے شیلف ایوارڈز سے بھرے پڑے ہیں۔

پاکستانی سینئر اداکارہ اسما عباس کا واٹس ایپ اکاؤنٹ ہیک

اداکارہ کے نمبر سے لوگوں کو پیغامات بھیج کر پیسوں کا مطالبہ کیا گیا

لاہور (این این آئی) پاکستان کی معروف اداکارہ اسما عباس کا واٹس ایپ اکاؤنٹ ہیک ہوگیا۔ اداکارہ اسما عباس کا واٹس ایپ اکاؤنٹ ہونے کا انکشاف ان کی بہن اور پھوپھی اداکارہ بشریٰ انصاری نے اتوار کے روز انسٹاگرام پر ایک اسکرین شاٹ شیئر کرتے ہوئے کیا۔ اسکرین شاٹ میں دیکھا جاسکتا ہے کہ ہیکر نے اسما عباس کے نام سے ایک شخص ابراہیم سے 10 لاکھ روپے ادھار مانگے۔ بشریٰ انصاری نے اپنی پوسٹ میں لکھا کہ بدکردار اس قسم کے پیغامات پر بھروسہ نہ کریں۔ دوسری جانب اسما عباس نے بھی انسٹاگرام پر ایک ویڈیو شیئر کی جس میں انہوں نے بتایا کہ ان کے نمبر سے لوگوں کو پیغامات بھیج کر پیسوں کا مطالبہ کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے لوگوں سے اپیل کی کہ ایسے پیغامات کو نظرانداز کریں۔ اسما عباس نے بتایا کہ واٹس ایپ ہیک ہونے کی وجہ ایک فون کال تھی

شرد ھا کپور اپنا انکلڈن اکاؤنٹ جعلی قرار دیے جانے پر پریشان

میں اپنا انکلڈن اکاؤنٹ استعمال نہیں کر پا رہی ہوں کیونکہ لنکڈ ان کو لگتا ہے کہ یہ جعلی ہے

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکارہ شرد ھا کپور نے انکشاف کیا ہے کہ انہوں نے اپنا انکلڈن اکاؤنٹ اپنے کاروبار کے لیے بنایا تھا لیکن وہ اسے استعمال نہیں کر پا رہی ہیں کہ ان کا یہ لنکڈ ان اکاؤنٹ جعلی قرار دے دیا گیا ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق 38 سالہ اداکارہ آخری بار بار کامیڈی فلم اسٹری 2 میں نظر آئی تھیں، انہوں نے اپنی انسٹاگرام اسٹوری پر ایک ٹویٹ شیئر کیا ہے جس میں ٹیف ورکنگ پلیٹ فارم کو ٹیگ کرتے ہوئے کہا ہے کہ مجھے سائٹ پر پروفائل بناتے ہوئے مسائل کا سامنا ہے۔ انہوں نے لکھا ہے کہ میں اپنا انکلڈن اکاؤنٹ استعمال نہیں کر پا رہی ہوں کیونکہ لنکڈ ان کو لگتا ہے کہ یہ جعلی ہے، کیا کوئی براہ کرم میری مدد کر سکتا ہے؟ اداکارہ نے مزید کہا ہے کہ اکاؤنٹ بن چکا ہے، پریمیئم اور تصدیق شدہ ہے لیکن کوئی اور اسے نہیں دیکھ سکتا۔

ٹیچر سے دور ہونے پر کرئی روز تک بخار میں مبتلا رہا تھا، عفان وحید

کراچی (این این آئی) اداکار عفان وحید نے اسکول کی اپنی یادگار کہانی بیان کی، جہاں انہوں نے بتایا کہ وہ سخت پرست ہیں اور اپنی ٹیچر سے دور ہونے پر کئی روز تک بخار میں مبتلا رہے۔ عفان وحید فی بی وی کے پروگرام میں مختلف موضوعات پر کھل کر گفتگو کی۔ اداکار کے مطابق اگر چہ ان کی عوامی شخصیت بہت پرسکون ہے، لیکن ان کے قریب لوگ جانتے ہیں کہ وہ بعض اوقات واقعی بہت خصہ ہو جاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ انہوں نے سالوں کے دوران اس موضوع پر پڑھائی اور تحقیق کی ہے، شعبے کی جنیاتی وجوہات بھی ہوتی ہیں۔

روہانوی شاعر احمد فراز کو مداحوں سے بچھڑے 17 برس بیت گئے

لاہور (این این آئی) اب کے ہم بچھڑے تو شاید کبھی خوابوں میں ملیں، روہانوی شاعر احمد فراز کو مداحوں سے بچھڑے 17 برس بیت گئے۔ احمد فراز نے اپنے لفظوں سے شاعری کو نئی جہتوں سے روشناس کرایا، خوابوں کو پیاری سے پکارا، نے جو لکھا امر ہو گیا، احمد فراز کا کلام گانے والے ملکہ ترنم اور شہنشاہ غزل بن گئے۔ احمد فراز 1931 میں کوہاٹ میں پیدا ہوئے، شاعری انہیں ورثے میں ملی، احمد فراز نے تین زبانوں اردو، فارسی اور انگریزی میں ایم اے کیا 1960 کی دہائی میں وہ ریڈیو پاکستان میں تھے جب ان کی شاعری کا پہلا مجموعہ تنہا تنہا شائع ہوا۔

گوندا اور سنیتا کی طلاق کی خبروں کے بعد بیٹی کا بیان آگیا

یہ سب محض افواہیں ہیں اور ان میں کوئی صداقت نہیں، سنیتا آہوجا

ممبئی (این این آئی) بالی وڈ کے مایہ ناز اداکار گوندا اور ان کی اہلیہ سنیتا آہوجا کے درمیان ایک بار پھر طلاق کی خبریں زیر گردش ہیں۔ گی ماہ بعد اب دوروز قبل جمعہ کو انٹرنیٹ پر ایک بار پھر گوندا اور سنیتا کی طلاق سے متعلق باتیں ہونے لگیں، یہ حال ہی میں اس وقت شروع ہوا جب سنیتا نے یوٹیوب پر اپنے چینل ٹی وی الاگ میں طلاق کی افواہوں پر لب کشائی کی۔ سوشل میڈیا پر والدین کی طلاق کی افواہیں ایک بار پھر سامنے آنے کے بعد جوڑے کی بیٹی ٹینا آہوجا خاموش نہ رہ سکیں۔ ٹینا نے ان افواہوں کو مسترد کر دیا، انہوں نے کہا کہ یہ سب محض افواہیں ہیں۔

ویمنز کرکٹ ورلڈ کپ کیلئے 15 رکنی پاکستان اسکواڈ کا اعلان

قومی ویمن ٹیم کا 15 رکنی اسکواڈ جنوبی افریقہ سے 3 ون ڈے انٹرنیشنل بھی کھیلے گی

لاہور (این این آئی) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) ویمنز کرکٹ ورلڈ کپ کے لیے 15 رکنی پاکستان اسکواڈ کا اعلان کر دیا گیا۔ فاطمہ ثنا کپتان ہوں گی، قومی ویمن ٹیم کی کپتانی کریں گی۔ قومی ویمن ٹیم کا 15 رکنی اسکواڈ جنوبی افریقہ سے 3 ون ڈے انٹرنیشنل بھی کھیلے گا۔ ویمنز کرکٹ ورلڈ کپ بھارت اور سری لنکا میں 30 ستمبر سے دو نومبر تک شیڈول ہے۔ پاکستان کے تمام میچ سری لنکا میں ہوں گے۔ قومی ٹیم کی سری لنکا میں ہوں گے۔ ثنا کپتان، نشرہ سندھو، سدرہ نواز، نتالیہ پرویز، عائشہ سہیل، رامین شمیم، صدف شمس، سعدیہ اقبال، شوال ذوالفقار، سدرہ امین، سدرہ نواز اور سیدہ عروب شاہ شامل ہیں۔

اقبال، شوال ذوالفقار، سیدہ عروب شاہ ویکٹ بار ون ڈے ورلڈ کپ کھیلیں گی۔ آئی سی سی ورلڈ کپ کوالیفائر اسکواڈ میں دو تبدیلیاں کی گئی ہیں، گل فروزہ اور نجیحہ علوی اسکواڈ سے باہر ہوگئی ہیں۔ قومی ویمن ٹیم اسکواڈ میں فاطمہ ثنا (کپتان)، منیبہ علی صدیقی، عالیہ ریاض، ڈیانا بیگ، ایمان فاطمہ، نشرہ سندھو، نتالیہ پرویز، عائشہ سہیل، رامین شمیم، صدف شمس، سعدیہ اقبال، شوال ذوالفقار، سدرہ امین، سدرہ نواز اور سیدہ عروب شاہ شامل ہیں۔

سابق کپتان وسیم اکرم نے بھارت کو فیورٹ قرار دے دیا

دبئی میں فضا خاصی گرم ہوسکتی ہے تاہم نہ کھلاڑی اور نہ ہی شائقین حد سے آگے بڑھیں

لاہور (این این آئی) سابق فاسٹ بولر وسیم اکرم کا کہنا ہے کہ ایشیا کپ میں روایتی حریفوں کے درمیان دبئی میں فضا خاصی گرم ہوسکتی ہے، کھلاڑی اور تماشائی مقام و ضبط قائم رکھیں اور حد پار نہ کریں۔ دونوں ٹیموں کے درمیان حالیہ کشیدگی کے تناظر میں سابق کپتان وسیم اکرم نے خبردار کیا ہے کہ دبئی میں فضا خاصی گرم ہوسکتی ہے تاہم انہوں نے زور دیا کہ نہ کھلاڑی اور نہ ہی شائقین حد سے آگے بڑھیں۔ وسیم اکرم کا کہنا ہے کہ دنیا بھر کے کروڑوں لوگ بھارت اور پاکستان کے درمیان میچ دیکھتے ہیں، یہ مقابلہ ہمیشہ دلچسپ ہوتے ہیں لیکن ضروری ہے کہ کھلاڑی اور تماشائی مقام و ضبط قائم رکھیں اور حد پار نہ کریں۔ انہوں نے مزید کہا کہ دونوں ٹیموں کے عوام اپنے اپنے دیش سے محبت کرتے ہیں لیکن جب آپ اوٹھی کا مطلب یہ نہیں کہ کھیل کو کھیل کے دائرے سے باہر لے جایا جائے، اگر بھارتی عوام اپنی ٹیم کی حمایت کرتے ہیں تو پاکستانی شائقین بھی ایسا ہی کریں گے۔

چوٹی پر پاکستانی کوہ پیما ارشاد علی بیک کو پرچم لہرانے کے موقع پر بی جے پی کے رہنما کے ہمراہ دیکھا جا رہا ہے (فوٹیج: این این آئی)

پی سی بی ویمن ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام، 25 اگست کے ٹرائلز موخر

لاہور میں انٹر 19، ایمرجنگ ویمن کھلاڑیوں کے ٹرائلز 4 ستمبر کو ہوں گے

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) ویمن ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام کے تحت 25 اگست کو لاہور میں ہونے والے ٹرائلز موخر کر دیے گئے۔ پی سی بی اعلامیے کے مطابق لاہور میں انٹر 19، ایمرجنگ ویمن کھلاڑیوں کے ٹرائلز 4 ستمبر کو ہوں گے۔ پی سی بی کے اعلامیے میں بتایا گیا ہے کہ ویمن ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام کے ٹر

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم میٹینینس 26 اگست 2025ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول۔

اسلام آباد (نیا سفہ عوامی للکار) اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ بریکڈاؤن شیڈول کے مطابق بجلی کی بندش کا شیڈول درج ذیل ہوگی۔ ایف ایم ٹاور، فیڈر، ٹاک کیٹ، مکرم بہ ٹاؤن فیڈرز 08:00 سے 12:00 بجے تک۔ اسلام آباد سول سی ایس ڈی فیڈر سوہانی، ڈھوک اسلام آباد۔ G-11/4 فیڈرز راولپنڈی کینٹ سرکل، بی ایف ایف، رحمت آباد۔ I-11 گلزار فیڈرز، نانک سرکل، ایف ایف، رحمت آباد۔ I-14/2، کاٹل فیڈرز، نانک سرکل، ڈھوک، ویمرک، ڈیرک فیڈرز اور کروڈ ریجن رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جا سکتی ہے۔

1 لقیہ

موقف بدل گیا۔ سابق نائب وزیر کیپٹن (ریٹائرڈ) صفدر اعوان کا بیان ریکارڈ پر ہے کہ ایم کیو ایم کے ایک رکن قومی اسمبلی نے ان سے رابطہ کیا اور کہا کہ کیس کی فیس میں کمی کر دیں تو ہم اپنا موقف بدل لیں گے۔ ایم کیو ایم کے رکن قومی اسمبلی نے

سوئی ناردرن نے گیس پھر مہنگی کرنے کی درخواست دیدی

عوامی سماعت کے دوران صارفین نے گیس کے ٹیرف میں مطلوبہ اضافے پر سخت تنقید کی

ٹیرف بڑھانا مجبوری، فیصلہ کمپنیوں اور صارفین دونوں کے مفاد کو سامنے رکھ کر کیا جائیگا، چیئرمین اوگرا

لاہور(این این آئی) سوئی ناردرن گیس کمپنی کی جانب سے ایک بار پھر اوگرا سے 291 روپے فی ایم ایم بی ٹی یو اضافے کا مطالبہ کیا گیا تاہم بی این پی اور نیشنل سمیت دیگر اپوزیشن صارفین کے اس کی مخالفت کی، چیئرمین اوگرا سرور خان عوامی سماعت اور سوئی گیس کمپنی حکام اور صارفین دونوں کے مفاد کو سامنے رکھ کر کیا جائے گا۔ تفصیلات کے مطابق چیئرمین اوگرا سرور خان نے اپنا اپنا(بقیہ نمبر 1)

پاسپورٹس کی سہولت کیلئے پنجاب میں نئی انتظامی تقسیم

سینٹرل پنجاب اور ساتھ پنجاب زونز میں 4 سب زونز تشکیل

اسلام آباد(این این آئی) ڈی جی پاسپورٹس نے شہریوں کی سہولت کیلئے پنجاب کے تمام زونز کی نئی انتظامی تقسیم کردی۔ محکمہ پاسپورٹس نے سینٹرل پنجاب اور ساتھ پنجاب زونز میں 4 سب زونز تشکیل دے دیئے۔ ڈی جی پاسپورٹس مصطفیٰ جمال قاضی نے کہا کہ سینٹرل پنجاب میں آر پی او لاہور اور آر پی او گجرانوالہ سے سب زونز ہوں گے ساتھ پنجاب(بقیہ نمبر 2)

وارث خان پولیس کی کارروائی، زیر حراست کینگ سے برآمد ہونے والے مسروقہ موٹر سائیکل

سی سی ڈی کے اختیارات وسیع کرنے کا فیصلہ

اب خواتین کو ہراساں کرنے، دیگر سائبر کرائم پر بھی ایکشن لیا جائیگا

لاہور(این این آئی) پنجاب حکومت نے کرائم کنٹرول ڈیپارٹمنٹ کو پنجاب میں مزید مضبوط کرنے کا فیصلہ کرلیا۔ سی ڈی ایف پنجاب میں خواتین کو ہراساں کرنے اور دیگر سائبر کرائم پر بھی ایکشن لے گا۔ سائبر کرائم، ٹارگٹس اور قبضہ مافیا کے خلاف(بقیہ نمبر 5)

تمام انجنوں میں ایونٹ ریکارڈ کی موجودگی لازمی بنائی جائے

ہیڈ کوارٹرز میں سات، وزارت میں تین دن سے زائد کا ٹال نہیں رکنی چاہیے، وزیر ریلوے

لاہور(این این آئی) وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے تمام انجنوں میں ایونٹ ریکارڈ کی موجودگی لازمی بنانے کی ہدایت کردی۔ وفاقی وزیر حنیف عباسی کی زیر صدارت ریلوے ہیڈ کوارٹر میں اہم اجلاس ہوا جس میں ای او او ریلوے مارمل بلوچ سمیت شعبہ مکینیکل کے افسران نے شرکت کی۔ حنیف عباسی نے کہا کہ شعبہ مکینیکل کو اپ(بقیہ نمبر 6)

وزیر ریلوے حنیف عباسی کی زیر صدارت تجاوزات کے خاتمے اور ٹرینوں کی سیکیورٹی کے حوالے سے منعقدہ اجلاس میں وزیر اطلاعات نقوی خصوصی طور پر شریک ہیں

ریلوے اراضی پر قائم تجاوزات کیخلاف آپریشن کا فیصلہ

ایف سی انسداد تجاوزات آپریشن میں ریلویز پولیس سے پورا تعاون کرے گی، وزیر داخلہ محسن نقوی

وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی کی زیر صدارت اجلاس ،وزیر داخلہ محسن نقوی کی خصوصی شرکت

لاہور(این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے ریلوے ہیڈ کوارٹرز میں وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی کی زیر صدارت اجلاس میں خصوصی شرکت کی۔ اجلاس میں پاکستان ریلوے کی سیکیورٹی اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ملک بھر خصوصاً بلوچستان میں ریلوے لائنز اور ٹرینوں کی سیکورٹی کے لیے خصوصی اقدامات پر بریفنگ دی گئی۔ اجلاس میں ریلویز کی ادارتی پرتجاوزات کے خلاف مشترکہ(بقیہ نمبر 8)

سالہ بچی کو بازار میں ہراساں کرنے والا دکاندار گرفتار

دکاندار ملزم ثناءاللہ نے اربیہ کا ہاتھ پکڑ لیا اور چھیڑ چھاڑ کرنے لگا، ترجمان پولیس

لاہور(این این آئی) مغرور اللہ پولیس نے 5 کال پر بروقت کارروائی کرتے ہوئے 12 سالہ بچی کو ہراساں کرنے والے دکاندار کو گرفتار کر لیا۔ ترجمان پولیس کے مطابق 12 سالہ بچی اپنی خالہ کے ساتھ خریداری کے لیے گئی تھی، دکاندار ملزم ثناءاللہ نے اربیہ کا ہاتھ پکڑ لیا اور چھیڑ چھاڑ کرنے لگا۔ ایس ڈی اے کنٹرک عمر نے بتایا کہ ملزم ثناءاللہ نے بچی کو فحش کلامی اور جنسی طور پر ہراساں کیا۔ ترجمان پولیس کے مطابق ملزم(بقیہ نمبر 9)

ٹیلرز کے حوالے سے واجبات معمول کا کاروباری لین دین ہے

12 ارب روپے کے مالیاتی اخراجات میں اضافے کی بنیادی وجہ گردشی بنے اطلاعیہ

اسلام آباد(این این آئی) پاکستان اسٹیٹ آئل نے واجبات کے حوالے سے وضاحتی اطلاعیہ جاری کردیا، جس میں کہا گیا ہے کہ پی ایس او کے زیادہ واجبات ان اداروں سے متعلق ہیں جو گردشی قرض سے متاثر ہیں۔ پی ایس او کے ترجمان کے مطابق جاری اطلاعیہ کے مطابق ایل پی اے کے زیر التواء واجبات حکومت کے اعلیٰ سطح پر زیر غور ہیں، پی ایس او باقی واجبات تجارتی شرائط کے تحت ہیں کہ باقاعدہ طے شدہ ہیں۔ ریفنڈز سے 25 ارب روپے کے بقایا(بقیہ نمبر 1)

حکومت کا لیپ ٹاپ سکیم کے دوسرے فیز کا آغاز کرنے کا فیصلہ

اگلے ماہ سے طلبہ میں میرٹ لیپ ٹاپ تقسیم کیے جائیں گے، محکمہ ہائر ایجوکیشن

لاہور(این این آئی) حکومت نے طلبہ کے لیے لیپ ٹاپ اسکیم کے دوسرے مرحلے کا آغاز کرنے کا فیصلہ کرلیا۔ اگلے ماہ سے طلبہ میں میرٹ لیپ ٹاپ تقسیم کیے جائیں گے، محکمہ ہائر ایجوکیشن نے لیپ ٹاپ اسکیم کے پہلے دو مرحلے مکمل